علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

(شعبہ اردو)

وارننگ

عزیز طلبہ ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ

1. اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں، خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلے پر ہو جائے۔
2. کسی دوسرے سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: علامہ اقبال کا خصوصی مطالعہ I (5613)　　　　سمسٹر: بہار 2026

سطح:　　ایم اے اُردو

(ہدایت نامہ برائے طلبہ)

براہ مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔(ہدایات برائے طلبہ ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ، ایم فل اور پی ایچ ڈی)

1۔ تمام سوالات لازمی ہیں اور تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں، البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2۔ سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

3۔ ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

4۔ ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (PDF یا Word فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔

5۔ مقررہ تاریخ کے بعد/تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی، جس کا ذمہ دار طالب علم ہی ہو گا۔

6۔ آپ کے تجزیاتی اور تنقیدی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7۔ غیر متعلقہ بحث/معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

امتحانی مشق نمبر1

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:40

1. اقبال کی شاعری کی ''تیسری منزل'' کو ان کے فکری ارتقا کا نقطۂ عروج کہا جاتا ہے—وضاحت کریں کہ یہ مرحلہ کن فکری، روحانی اور تہذیبی جہتوں کی نمائندگی کرتا ہے۔ (20)
2. اقبال کے تصورِ خودی میں ''بے خودی'' محض نفی نہیں بلکہ تکمیل کا مرحلہ ہے—اس معنوی رشتے کو تفصیل سے واضح کریں۔ (20)
3. اقبال کے نزدیک ''اقوام کی خودی'' فرد سے قوم تک کے فکری سفر کی علامت ہے—بحث کریں کہ یہ تصور اجتماعی بقا اور احیائے ملت کی ضمانت کیسے بنتا ہے۔ (20)
4. اقبال کے تصورِ فن کی روشنی میں واضح کریں کہ وہ فن کو محض جمالیاتی اظہار کے بجائے ایک فکری اور اخلاقی قوت کیوں سمجھتے ہیں۔ (20)
5. عقل اور عشق اقبال کے ہاں متصادم نہیں بلکہ ہم رشتہ تصورات ہیں—کلامِ اقبال کی روشنی میں ان کی فکری سطحوں کا تجزیہ کریں۔ (20)

امتحانی مشق نمبر2

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:40

1. اقبال کی نعتیہ شاعری میں روحانی وابستگی، فکری رفعت اور شعری وقار کس طرح یکجا ہو جاتے ہیں؟ تفصیلی تجزیہ پیش کریں۔ (20)
2. مردِ مومن اقبال کے فکری نظام میں ایک مثالی انسان کا استعارہ ہے—اس تصور کی فکری، اخلاقی اور عملی جہات پر روشنی ڈالیں۔ (20)
3. مولانا روم اقبال کے لیے محض روحانی پیشوا نہیں بلکہ فکری رہنما بھی ہیں—اس تعلق کی نوعیت اور اثرات کا جائزہ لیں۔ (20)
4. اقبال اور نطشے کے تصورِ انسان کا تقابلی مطالعہ کرتے ہوئے دونوں کے فکری اختلافات اور مماثلتیں واضح کریں۔ (20)
5. اسلامی قانون کے درج ذیل ماخذ اقبال کے فکری تناظر میں کس طرح اجتہادی فکر کو تقویت دیتے ہیں؟ وضاحت کریں: (20)
   قیاس اجماع